**Government of Telangana**

**DISTRICT COMMON EXAMINATION BOARD**

MODEL QUESTION PAPER

First Language URDU

نمونہ پرچہ سوالات (**ماڈل پیپر**)

VII Class | Marks: 80 | Time: 2:45 Hrs

---

**ہدایات:۔**

(1) 15 منٹ پرچہ سوالات کو پڑھنے اور سمجھنے کیلئے مختص کئے گئے ہیں۔ باقی ڈھائی گھنٹے امتحان لکھنے کیلئے۔

(2) جوابات جوابی بیاض میں لکھیئے۔

**سمجھنا۔ اظہار خیال کرنا۔**

**(الف) ذیل کی عبارت پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیئے۔** **5x1=5**

چچا چھکن نے سارے کمرے کا جائزہ لیا کہ بے توجہی میں کسی اور جگہ نہ رکھ دی ہو۔ مایوسی ہوئی لپکے ہوئے پھر غسل خانہ میں پہنچے پھر کھڑکی کو دیکھا کھڑکی کے نیچے نالی تھی۔ اکڑوں بیٹھ کر اس کا معائنہ بھی کر لیا اسے ناکافی سمجھ کر باہر گئے۔ غسل خانے سے سڑک تک ساری نالی دیکھ ڈالی نہ ملی۔ واپس غسل خانے میں پہنچے۔ گردن گھما کر طاقوں میں نظر ڈالی گھڑونچی کے نیچے دیکھا۔ گھڑے جگہ سے سرکائے کہیں نظر نہ آئی۔ ذرا دیر پریشانی کے عالم میں کھڑے سر کھجاتے رہے۔ عجیب تماشہ ہے! لپکے ہوئے پھر کوٹھری میں پہنچے میلے کپڑے باری باری اس زور سے جھٹکے کہ عینک کیا سوئی بھی لگی ہوتی تو الگ ہو کر گر پڑتی۔ یک لخت نیا خیال سوجھا بھاگے ہوئے پھر غسل خانے میں پہنچے۔ لوٹے اٹھا کر دیکھنے سے رہ گئے تھے۔ وہاں بھی کچھ نہ نکلا۔ گردن بڑھا کر احتیاطاً ایک نظر لوٹوں کے اندر بھی ڈال لی۔ کچھ سراغ نہ ملا۔ داڑھی کھجاتے ہوئے پھر کمرے میں آ گئے۔

7۔ چچا چھکن کو کیوں مایوسی ہوئی؟

8۔ چچا چھکن نے کھڑکی سے نالی کا معائنہ کیا اور اسے کیوں ناکافی سمجھا؟

9۔ چچا چھکن کچھ دیر پریشانی کے عالم میں سر کھجاتے رہتے تھے کیوں؟

10۔ چچا چھکن نے میلے کپڑوں کو کیوں زور سے جھٹکا؟

11۔ چچا چھکن کو ایک لخت کیا نیا خیال سوجھا؟

(ب) ذیل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ 5x1=5

6۔

روٹی نہ پیٹ میں ہوتو پھر کچھ جتن نہ ہو
میلے کی سیر، خواہش باغ و چمن نہ ہو
بھوکے غریب دل کی، خدا سے لگن نہ ہو
سچ ہے کہا کسی نے بھوکے بھجن نہ ہو
اللہ کی بھی یاد دلاتی ہیں روٹیاں

(ج)۔ ذیل کی عبارت پڑھ کر پانچ سوالات کے جوابات لکھیئے۔ 5x2=10

کسی زمانے میں بغداد میں احمد نام کا ایک سوداگر رہتا تھا۔ دیس بدیس میں اس کا کاروبار پھیلا ہوا تھا۔ وہ بڑا ہی شریف اور رحمدل تھا۔ اس کی سخاوت اور رحمدلی کے چرچے دور دور تک مشہور تھے۔ اس نے بہت سے شہروں میں مسجدیں، مدرسے، مسافر خانے اور تالاب بنوائے تھے۔ بہت سے غریب آدمی ہر روز اس کے پاس مدد کیلئے آتے تھے اور کوئی بھی خالی ہاتھ واپس نہیں جاتا۔ جو بھی احمد سوداگر کو جانتا اس کی خوبیوں کی وجہ سے اس کی عزت کرتا۔

ایسے آدمی کو تو ہر طرح سے خوش رہنا چاہئے تھا لیکن احمد سوداگر اُداس غمگین رہا کرتا تھا اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کا ایک ہی لڑکا تھا وہ بھی بالکل بے وقوف اور کسی کام کے لائق نہ تھا۔

7۔ احمد سوداگر کیسا انسان تھا؟

8۔ احمد سوداگر کے چرچے کس وجہ سے مشہور تھے؟

9۔ احمد سوداگر نے کیا کیا فلاحی کام کئے؟

10۔ احمد سوداگر کے پاس ہر روز لوگ کیوں آتے تھے؟

11۔ احمد سوداگر غمگین اور اُداس کیوں رہتا تھا؟

**ازخود لکھنا۔**

**(الف) حسب ذیل سوالات کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیئے۔** 4x4=16

12۔ محمود غزنوی ایاز کی عزت کیوں کرتا تھا؟

13۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو کیسی زندگی پسند تھی؟

14۔ تارے چاند سے مخاطب ہو کر کیا کہہ رہے ہیں؟

15۔ ولی محمد نظیر کا تعارف پیش کیجئے۔

**(ب) ذیل کے سوالات کے جوابات 10 تا 12 جملوں میں لکھیئے۔** **2x8=16**

16۔ پنڈت نہرو اپنی بیٹی کیلیئے کس بات کی تمنا کی ہے۔اور خوش قسمت کیوں کہا ہے؟

یا

چچا چھکن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

17۔ نظم چاند اور تارے کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے

یا

امجد کی رباعی کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیئے۔

**تخلیقی اظہار۔**

**(ج) ذیل سے کوئی ایک سوال کا جواب تفصیل سے لکھیئے۔** **1x8=8**

18۔ پولیس انسپکٹر کے نام ایک خط لکھیئے جس میں محلے میں ہو رہی چوریوں کی شکایت ہو۔

19۔ تعلیم کی اہمیت بتاتے ہوئے ایک مضمون لکھیئے؟

20۔ بخار آنے پر آپ ڈاکٹر سے رجوع ہوئے۔آپ اور ڈاکٹر کے درمیان ہونے والی گفتگو کو مکالموں کی کی شکل میں کم از کم پانچ مکالمے لکھیئے۔

آپ:۔ ..................................................

ڈکٹر:۔ ..................................................

**لفظیات۔**

**(الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجئے۔** **2x1=2**

21۔ صعوبتیں :......................................................................................

22۔ جلوہ :......................................................................................

**(ب) خط کشیدہ الفاظ کے موزوں معنی کا انتخاب کیجئے اور قوسین میں لکھیئے۔** **8x1=8**

23 ۔ اشہب کی دوڑ بھی ایک کھیل ہے۔خط کشیدہ لفظ کا معنی۔ (                    )

(a) ہاتھی (b) شیر (c) بیل (d) گھوڑا

24۔ مغموم ہوں بدل دے اب تو مسرتوں سے۔خط کشیدہ لفظ کے معنی۔ (                    )

(a) خوشحال (b) غمزدہ (c) مالدار (d) دولتمند

25۔ عامر ایک دانش مند لڑکا ہے۔خط کشیدہ لفظ کے مترادف۔ (                    )

(a) دولت مند/امیر (b) عقلمند/سمجھدار (c) چالاک/تیز (d) جاہل/لڑاکو

26۔ اللہ کی ذات کاشف نہانی ہے۔خط کشیدہ لفظ کا مترادف۔ (  )

(a) پوشیدہ رچھپا ہوا (b) ظاہری رنظر آنے والا (c) اندرونی رباطنی (d) ابتدائی رشروعات

27۔ دیکھتے دیکھتے ہرن نظروں سے اوجھل ہوگیا۔خط کشیدہ لفظ کی ضد۔ (  )

(a) نظر آنا (b) غائب ہونا (c) بیٹھ جانا (d) چلے جانا

28۔ سورج ایک روشن ستارہ ہے۔خط کشیدہ لفظ کی ضد (  )

(a) روشنی (b) گرم (c) سرد (d) تاریک

29۔ضرورت...........کولاحقہ لگا کرمکمل کیجئے۔ (  )

(a) بے (b) ہم (c) مند (d) دار

30۔محموداور ساجد دونوں..........جماعت ہیں۔سابقہ لگایئے۔ (  )

(a) ایک (b) ہم (c) بے (d) نیم

**(ج) ذیل کے سوالات کے جواب ایک جملہ میں لکھیئے۔** **10x1=10**

31۔وہ کلمہ جس سے کسی کام کا کرنا یا ہونا ثابت ہو کہلاتا ہے۔

32۔مالی پھول توڑ رہا ہے اس جملے میں فاعل کی نشاندہی کیجئے۔

33۔صبح ہوتی ہے شام ہوتی ہے۔اس مصرعے میں صفت تضاد کی نشاندہی کیجئے۔

34۔ چھوٹو اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔

35۔ احمد نے سانپ کو مارا۔اس جملے میں مفعول کی نشاندہی کیجئے۔

36۔ وہ گھر گیا۔ اس جملے میں ضمیر کی نشاندہی کیجئے۔

37۔ صبح سے شام تک مت کھیلو۔اس جملے میں غیر مستقل کلمہ کی نشاندہی کیجئے۔

38۔ حضرت خلیل اللہ کی قربانی۔ خط کشیدہ لفظ اسم خاص کی کونسی قسم ہے۔

39۔ صدا' سدا ' کیسے الفاظ ہیں۔

40۔ وہ فعل جس کا کرنا یا ہونا گزرے ہوئے زمانے سے تعلق رکھتا ہو کہلاتا ہے۔

**ختم شد**